اظہر جاوید

طارق عزیز کے لیے تنویر ظہور نے جو تقریب منعقد کی تھی۔ اس میں عبدالعزیز خالد جیسے بڑے شاعر نے صدارت کی۔ اور یوں اپنی روشن ضمیری کا ثبوت دیا۔ اور بغیر کسی تکلف اور تردّد کے اس کی ہمتوں کا اعتراف کیا۔

دیتا ہوں داد ہمتِ طارق عزیز کی
طے جس نے کیں منازلِ عرفان و آگہی

کسی نے کشور ناہید سے کہا (ڈاکٹر وزیر آغا کی عید ملن پارٹی میں) "تم جو اتنی گفتگو میں وقت ضائع کرتی ہو۔ اس سے تو بہتر ہے۔ عبدالعزیز خالد پر ڈاکٹریٹ ہی کر لو!" کشور نے ترت جواب دیا: "مجھے ان کی شاعری سمجھ آئے تو یہ عذاب بھگتوں!" انور سدید نے صاف گوئی سے کام لیا "تو کیا ڈاکٹریٹ کے لیے موضوع کو سمجھنا بھی ضروری ہے؟"

——— اس دوران عبدالعزیز خالد بھی نشانے پر رکھے گئے۔ کشور ناہید نے کہا کہ خالد صاحب آپ بھی اپنی گارمنٹس کارپوریشن کی طرف سے کوئی تقریب کروائیں اور جیسے شہزاد احمد نے اہل قلم کو پکی پکائی روٹیوں کے پیکٹ بھجوائے تھے۔ آپ سلے سلائے کپڑوں کے تحائف دیں۔

جب خالد نے کسی طرح بھی ہاتھ نہ پکڑایا تو کشور نے جل کر کہا: کہ آپ دو دو گز کی غزلیں تو دے دیتے ہیں۔ چار گز کا سوٹ نہیں دے سکتے؟

جرمنی سے آئی ہوئی صحافی خاتون سلمیٰ جبیں نے جب ایک عید ملن پارٹی کا ذکر سُنا تو حیرت سے پوچھا:

"کیا یہاں ابھی تک ادیب انہی پُرانی روایتوں میں چمٹے ہوئے ہیں۔؟"

کشور ناہید نے بہت اچھی بات کی کہنے لگی:

"اس مشینی دَور اور بھاگتے دوڑتے وقت میں جب ہر انسان نفسا نفسی اور آپا دھاپی میں پھنسا ہوا ہے چند لوگ اگر آپس میں بیٹھ کر باہمی دکھ سکھ کی بات کر لیں تو یہی بہت کمال ہے... ع

غنیمت ہے کہ ہم صورت یہاں دو چار بیٹھے ہیں

یہ تقریب ملاقات ڈاکٹر وزیر آغا کی طرف دی گئی دعوت کے سلسلے میں تھی۔ ایک دو برسوں سے وزیر آغا ایک نئی روایت مرتب کر رہے ہیں۔ گزشتہ عید ملن پر چائے تھی، اس بار کھانے کا اہتمام کیا گیا تھا اور اس میں اضافہ انور سدید کا بھی تھا جو خصوصاً سرگودھا سے شرکت کرنے آئے تھے۔ اس دعوت کی سُن گن لگی تو شہزاد احمد نے پوچھا:

"مدعوین کون کون ہیں؟"

جب پچھلے برس کی تقریب والے دوستوں کا نام ہی گنوایا گیا تو شہزاد نے گرہ لگائی:

"عبدالعزیز خالد تو نہیں ہوں گے؟"

ان دنوں عبدالعزیز خالد گارمنٹس کارپوریشن میں تھے جس پر کشور ناہید نے پھبتی کسی کہ خالد صاحب آپ بھی کبھی کوئی ایسی تقریب کر ڈالیں۔ آپ رسائل و اخبارات کو گز گز بھر کی غزلیں نظمیں تو بھیج دیتے ہیں مگر گارمنٹس کارپوریشن کے مال کا صحیح مصرف نہیں کرتے!"

انعام الحق جاوید

عبد العزیز خالد کا مصرع

ع میں شام کا عاشق ہوں بھاتی ہے مجھے شام

جس طرح سچے اور کھرے تجربوں پر مبنی ہے۔ اسی طرح ان کے ساتھ منائی جانے والی شاموں کا شمار بھی بساطِ فکر سے باہر ہے۔

خود میں نے ایک دفعہ عبد العزیز خالد کا انٹرویو لیتے ہوئے ان سے درخواست کی تھی کہ حضور! اب تو سب مان چکے ہیں کہ آپ نے فن مشکل گوئی میں سپیشلائز کیا ہوا ہے اور جینئس اریب ہیں۔ خدارا اس پاک دامن پارکر کی جگہ عوامی ایگل خرید لیجئے کہ آپ کی تحریروں کا ابلاغ ہم جیسے عوام تک بھی ہو سکے۔ انہوں نے کوہ ہمالیہ پر سے گفتگو کرتے ہوئے فوراً جواب دیا تھا کہ تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے میں ہی نیچے کیوں اتروں کچھ عوام کو بھی کوہ پیمائی کی کوشش کرنی چاہیئے۔ ذرا وہ آگے بڑھیں ذرا میں قدم اٹھاؤں تو تب ہی شیک ہینڈ ہو سکتا ہے۔ یہ سن کر میں دیر تک سوچتا رہا تھا کہ عوام ادب عالیہ کا مطالعہ فرمائیں۔ یا دو وقت کی روٹی کمانے کے چکر میں دن رات گھومیں گھمائیں۔

بشیر نیاز

کراچی کی گپ شپ

انھی گرمیوں کے ایک دن میں اور جون ایلیاء (جو عربی اور عبرانی سے ناقابلِ معافی حد تک متاثر ہے) شاعر عبد العزیز خالد کے ہاں جا رہے تھے۔ جون ایلیا بتا رہا تھا — "جب ملک بٹا کمال بھائی (مشہور فلم ڈائرکٹر) نے کہا بمبئی چلو۔" میں نے جواب دیا "وہاں بھی سڑکیں ہیں۔ سوندھی سوندھی مٹی سے وہ جو ایک رشتہ ہوتا ہے ناٹوٹ جائے گا، انسان مر جائے گا مجھے اس کی بڑی ضرورت ہے۔" پھر کہنے لگا: "ایک بار میں ایک سادھو کے پاس گیا تھا۔ میں نے کہا مجھے نامرد کر دو۔ مجھے مطالعے میں بڑی پریشانیاں ہوتی ہیں۔ میرے عزیزوں نے کوشش کی کہ میری شادی ہو جائے، میں نے ایک ہی جواب دیا۔ میرا کرب ختم ہو جائے گا۔" بس میں دم گھٹنے کی گھمس تھی۔ اور جون لگاتار کہ رہا تھا۔

"ایک انسان (جس کی زیادہ سے زیادہ عمر پچپن برس ہو گی) کی تربیت کے لیے تو ایک بی۔اے۔بی۔ٹی کی ضرورت ہے۔ مگر ثقافتی اقدار جو صدیوں نہیں مرتیں اُن کی پرورش کے لیے کوئی سند درکار نہیں۔ اُردو میں تو ساتوں خون معاف ہیں۔"

میں اور جون ایلیاء (جس کا خیال ہے کہ ایک جاہل آدمی اگر میٹروپول میں ناچتا ہے تو ایک عالم کیوں نہ ناچے) دونوں شاعر عبد العزیز خالد کے گھر پہنچے۔ عبد العزیز خالد وہ شاعر ہے جس کی کتنے ہی پرچوں میں کئی کئی صفحوں پر نظمیں چھپتی ہیں اور لوگ اپنا کٹرپن چھوڑ کر اب واقعی اسے سنجیدگی سے پڑھنے لگے ہیں۔ خود اس کا خیال ہے کہ اب لوگوں میں کلاسیکت کو پسند کرنے کا دور آ گیا ہے۔ ہمارا عہد بڑا پُر اُمید ہے۔ اب بہت سی کتابیں طاقچوں پر سے اُتار لی گئی ہیں۔ اور لوگوں نے انھیں پڑھنا شروع کر دیا ہے۔ مجھے خالد سے شکوہ تھا کہ شہروں کی جیتی جاگتی گلیوں کو چھوڑ کر پرانے عبرانی قصوں میں کیوں گم ہوتا ہے۔ اس پر سب سے پہلے جون ایلیاء نے ہی بولنا شروع کیا۔

"صاحب ادب کا کام ہے قدریں دینا۔ بنیادی غلط فہمی یہ ہے کہ ادب اور سائنس میں بُعد تصور کر لیا گیا ہے۔ خالد مثالی کردار کیوں دیتے ہیں؟ وہ یہ کردار ایک قدر متجسّم کرنے کے لیے لاتے ہیں۔ شاعری کا بنیادی عنصر ہے۔ عظمت، آپ اسے تصوریت بھی کہ سکتے ہیں۔

"لیکن سوال یہ ہے کہ ہم زندوں سے نظریں پھیر کر "خفتگانِ خاک" کو کیوں نمائندگی دیں؟" میں نے پھر شوشہ چھوڑا۔ جون ہی بولا — "تاریخ کا یہ المیہ ہے کہ ہم سامنے کے کرداروں کی عظمت کا اعتراف نہیں کرتے۔ ان سے صرف ہمدردی یا محبت کرتے ہیں۔ دراصل اپنے عہد کی شخصیتوں کو ذہن ہضم نہیں کر پاتا۔ ادب اپنی تفسیر آپ ہوتا ہے فٹ نوٹ نہیں رکھتا۔ اور پھر یہ معاملہ نفسیاتی بھی ہے۔ خالد چاہیں تو اپنی نظم کا ہیرو نوصبا کو بھی بنا سکتے ہیں۔ مگر یہ اسی کردار کو سقراط کے روپ میں پیش کرتے ہیں، بات ایک ہی ہے شخصیت جب تک زمانے میں گھل مل کر آئے وہ شخصیت نہیں بن سکتی۔ شخصیت کو پہلے تو ماضی کے حوالے کر دیجئے اور پھر اُسے ادب میں لے آئیے۔"

"لیکن خالد صاحب اگر آپ سلومی کے بجائے کسی بھکارن کو نظم کی ہیروئن بناتے تو وہ زندگی سے قریب تر نہ ہوتی۔ سلومی کو تو ہم نے دیکھا تک نہیں۔ میں نے خیال ظاہر کیا۔

عبدالعزیز خالد۔ میری سلومی، سلومی نہیں وہ ایک جوان عورت کا جسم ہے جو ہوسناک ہے۔"

جون ایلیاہ — "شاعر کو پروگرام کا پابند نہ کیجئے۔ یہ مشینی چیز نہیں۔ یہ تو ذہنی عمل ہے کہ اُسے بیتا کے بجائے سلومی زیادہ اپیل کرتی ہے۔

عبدالعزیز خالد — "میرا موضوع انسان کا داخلی مطالعہ ہے۔"

جون ایلیاہ —۔ "ان کی قابلِ توجہ بات ان کی ہیئت ہے۔ دلی سے لے کر غالب تک میں "ڈکشن" کا فرق نمایاں نہیں ایک یکسانیت ہے۔ خالد میں سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ان کا لہجہ پہچانا جاتا ہے۔ ادب میں الفاظ ڈکشنری سے نکل کر نہیں آتے بلکہ اُن کی حیثیت نامیاتی ہوتی ہے۔"

"جون ایلیاہ صاحب خالد پر تو آپ اتھارٹی کا درجہ رکھتے ہیں۔ اچھا اب آپ ہی بتائیے کہ اُردو نظم میں ان کی شعوری کوشش کیا ہوتی ہے؟" — میں نے پوچھا۔

جون ایلیاہ — "اُردو غزل میں اپنے کنوارپن کے باعث سراپا کا اظہار نہیں ہو سکتا تھا۔ مثال کے طور پر اب تک کوئی پیٹ کی تعریف نہیں کر پایا تھا۔ شعر کہنے والوں نے زیادہ سے زیادہ۔

ع مرغ دل کو پھاڑے ہے بلّی تمھارے ناک کی

کہا تھا یا ؎

کسی کے محرم آبِ رواں کی یاد آئی
حباب کے جو مقابل کوئی حباب آیا

سے آگے نہیں بڑھ سکتے۔ ہماری زبان عورت کی ناف سے نیچے نہیں اُترتی یہاں اہمیت بس سینے۔ کولہوں اور پنڈلیوں کی ہے۔ نابالغوں اور نامردوں کا سا انداز ہے۔ اس میں وہ پرستی ہوئی دوشیزگی نہیں اُبھرتی۔ اگر بہت خون پسینہ

کیا جاتا ہے تو کوک شاستر بن جاتا ہے جو ناقابلِ اشاعت ہے۔ خالد نیم رُخ نہیں قدِ آدم تصویر کھینچتے ہیں۔"

عبدالعزیز خالد (یونان کی "ریحاں نفس و لالہ رُخ و سنبل مو" والے) اُنھوں نے اُردو نظموں کی کوئی کتاب لکھی ہے۔ اور یہ فیصلہ نہیں کر سکے کہ یہ ——— "نظمیہ غزلیں" ہیں یا "غزلیہ نظمیں" ——— بہرحال ان میں مغربی شاعری کے "فری ایسوسی ایشن آف تھاٹ" والی بات ہے۔ ان میں غزلیہ پن اس لیے ہے اس میں وہ جب چاہا بات شروع کر دیتے ہیں (یہ مشکل نہیں کہ نظم کی طرح اگر آنکھوں کی تعریف کر رہے ہیں تو انھیں اس میں "آرمڈ فورسز" کا تذکرہ کرنے کی آزادی نہیں)

خالد دیومالائی قدریں اس لیے لیتے ہیں کہ اس سے کسی کو اختلاف کی کم گنجائش ہوتی ہے۔ اب براہِ راست تو ہو گیا ہے یہ فکری سطح پر مسائل حل کرتا ہے۔"

اُنھوں نے اپنے مخصوص لہجے میں بات یوں سمجھائی کہ ———

مغربی شاعری میں ایک چیز ہوتی ہے ——— "Mythical Method" یا اساطیری منہاج ایلیٹ، جیمز جوائس، ایزرا پاؤنڈ کے ہاں پایا جاتا ہے ——— ان کے ہاں فرق یہ ہے کہ اُنھوں نے اپنی تہذیب کو "کوٹ" کیا ہے۔ اُنھوں نے بچوں اور کتابوں کے نام رکھنے "پرابلم" کا بھی "کریہ" بتایا ——— کہنے لگے۔

"کئی دنوں بعد ایک مصرع میں نے پڑھا ——— "پریشاں می نویسد کلکِ موج احوالِ دریا۔"

میں اُچھل پڑا (یہ میں نے اپنی طرف سے لکھا ہے) ——— کتاب کا نام ——— "کلکِ موج" رکھ دیا۔

کچھ اسی قسم کی کیفیت کے ساتھ اُنھوں نے اپنی "زیرِ زیورِ طبع" کتاب "ورقِ ناخواندہ" کا نام رکھا۔ ہوا یوں کہ ایک شعر اُنھوں نے پڑھا۔

کوئی آگاہ نہیں باطنِ ہمدیگر سے
ہے ہر اک فردِ جہاں میں "ورقِ ناخواندہ"

وہ مارا ——— (ویسے یہ لفظ میں نے خود لکھا ہے ——— کیونکہ اس موقع پر یہ میلو ڈرامائی صورت پیدا کرنا ضروری ہے ———

اگر دیکھا جائے تو وہ بڑا ہی مشہور ——— "روبنسن کروسو" والا کردار کر رہے ہیں ——— (عزلت گزینی) بولے ———

"اَدیب باتیں کرنے سے نہیں بنتا، بندرگاہ کی کامیابی کے لیے ساحل کا کٹا پھٹا ہونا اور علاقے کا زرخیز ہونا ضروری ہے۔ یہی بات شاعری مانگتی ہے۔ جو سنی کے بل پر نہیں چلتی۔ جو لوگ کچھ اور طرح کی باتیں

۱۔ اپنی تہذیب اور ادب کی کلاسوں سے بھاگے ہوئے لوگ ہیں جو انگریزی ادب کے مجموں میں کھڑے رہے ہیں۔ عمریں کچی تھیں۔ کچھ سمجھ نہ پائے اور اس طرح کی باتیں کہنے لگے۔

جیسے اپنے سرمائے سے "محجوب الارث" ہوں ــــــ"

پھر بڑے ہی اساطیری لہجے میں بولے ــ

"مطالعہ بھی تخلیقی ہوتا ہے۔ ہم نے مطالعہ بھی تخلیقی نہیں کیا۔ ذہن میں خیالات و جذبات کا اُبال اُٹھتا ہے۔ نہیں جانتے کیسے ڈھلے' ــــــــ میرا یہ شعر داد طلب نہیں۔

لیکن تم سنو ــــــ میں نے وہ شعر سنا اور وہ یہ تھا۔

پیرویٔ مغربی میں نہ کر فراموش ــــــ تیرا نظامِ تلازمات جدا ہے

اور اس موضوع پر یہ آخری جملہ تھا ــــــــــــ

"ہمارا مسئلہ یہ ہے کہ نظامِ تلازمات اپنا لائیں ــــــ؟

افضل آرش

عبد العزیز خالد کی نعت میں جو سوز و گداز اور کیف و مستی کی کیفیت ہے۔ وہ دوسرے بہت کم نعت گویوں کو میسّر ہے۔ اُردو زبان پر انھیں کامل قدرت ہے۔ شاید اس لیے کسی نے کہا تھا اور درست کہا تھا کہ

اُردو زبان کا والد
عبد العزیز خالد

اور اَب تو ان کی معنوی اولاد میں شاید عربی کے علاوہ پنجابی زبان بھی آنے والی ہے۔ کیونکہ آج کل پنجابی زبان میں ان کی تخلیقات پوری توانائی کے ساتھ سامنے آ رہی ہیں۔ ہماری کلاسیکی پنجابی شاعری میں جتنے شاعر بھی گزرے ہیں۔ وہ پہلے عالم اور بعد میں شاعر تھے۔ لیکن موجودہ پنجابی شاعری میں۔ یہ معاملہ بالکل اُلٹ ہے۔ اور شاعری میں اس قسم کی واحد مثال عبد العزیز خالد کی ہے۔

عبد العزیز خالد کی نعت کی ایک بہت بڑی خوبی ان کا عجز و انکسار ہے۔ اور شاید یہی وجہ ہے کہ حضورؐ کا ذکر کرتے ہوئے جس قدر وہ اپنے آپ کو جھکاتے ہیں۔ حضورؐ کی رحمت اور محبّت کے صدقے ان کے درجات اتنے ہی بلند ہو رہے ہیں۔ ذرا اپنے ارد گرد نظر ڈالیے۔ تو پتہ چلے گا کہ جتنا عبد العزیز خالد پر لکھا گیا ہے۔ شاید ہی کسی شاعر پر لکھا گیا ہو۔ اور بلاشبہ اس کے حق دار ہیں۔ اتنا بڑا شاعر کہ جس کے آگے لفظ دست بستہ کھڑے رہتے ہیں۔

——— ان کی نعت گوئی نے دراصل دوسرے شاعروں کو نعت لکھنے کا حوصلہ اور سلیقہ بخشا۔ اور موجودہ دور کو نعت کا دَور بنانے میں ان کا بہت بڑا حصّہ ہے۔ اپنی نئی کتاب " طاب طاب " کا انتساب اُنھوں نے اپنی بہت بڑی عقیدت مند محترمہ عفّت موہانی کے نام کیا ہے۔

عفّت موہانی ہندوستان کی خود بہت معروف افسانہ نگار ہیں۔ اور مولانا حسرت موہانی کی پوتی ہیں۔ وہ خالد صاحب کی شخصیت اور فن کی کس قدر پرستار ہیں۔ اس کا اندازہ صرف ان کے خطوط سے لگایا جا سکتا ہے، جو وہ باقاعدگی سے خالد صاحب کو لکھتی ہیں۔

جالندھری بنام جالندھری

جناب عبدالعزیز خالد بھی جالندھری ہیں۔ یہ ان کے ایک حالیہ اخباری انٹرویو سے معلوم ہوا۔ بیدار سرمدی نے جب ان سے یہ سوال کیا کہ:

"حفیظ جالندھری نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ہندوستان میں پاکستان سے بہتر شاعری ہو رہی ہے۔"

اس بیان پر آپ کا ردِ عمل کیا ہے؟ جناب عبدالعزیز خالد نے برجستہ جواب دیا:

"قبلہ حفیظ صاحب آج کل جو لکھ رہے ہیں یقیناً بھارت میں اس سے بہتر لکھا جا رہا ہے۔"

فیض کا سرقہ

فیض کا ایک مشہور مصرعہ ہے ؎

یہ داغ داغ اُجالا یہ شب گزیدہ سحر

جو اُنھوں نے آزادیٔ ہند کے تعلق سے علامت کا سہارا لے کر کہا تھا۔ اس کے پس منظر میں اشتراکی روسی رویّہ موجزن تھا جس کے تحت اُنھوں نے آزادی کو ایسے اجالے سے تعبیر کیا تھا جو داغ داغ ہے۔ فیض اور ان کی قبیل کے ترقی پسند شاعروں نے آزادی کو تسلیم نہیں کیا تھا۔ اس خیال کے تعلق سے ان دنوں کئی نظمیں منظرِ عام پر آئی تھیں۔ فیض کے مذکورۂ بالا مصرعہ نے اس قسم کی شاعری میں بہت زیادہ شہرت پائی تھی۔ لیکن افسوس فیض کے دیگر نظریات

کی طرح ان کا یہ مصرعہ بھی غیروں سے مستعار لیا گیا تھا۔ عبدالعزیز خالد نے ایک دور کی کڑی تلاش کی ہے۔ ان کی جستجو کی رو سے فیض کا مذکورہ بالا مشہور مصرعہ کا ہو بہو عکس ہے۔

This night bitten morn, this spotted light

W B Yeats

عبدالعزیز خالد نے پنجابی میں شاعری کر کے لاہور کے پنجابی زبان کے ادبی حلقوں میں ایک نیا ولولہ پیدا کر دیا ہے کہیں ان کی صدارت میں پنجابی مشاعرہ ہو رہا ہے۔ تو کہیں تنقیدی اجلاس کی صدارت۔ پچھلے دنوں لاہور ٹی۔ وی نے آپ کو پروگرام "پنجسند" میں مدعو کیا۔ یوسف کامران کے ایک سوال کہ "آپ پنجابی کی طرف کیوں آئے؟" کے جواب میں جناب عبدالعزیز خالد نے کہا:

"ہر شاعر کی دو مائیں ہوتی ہیں۔ ایک جو اسے اپنی کوکھ سے جنم دیتی ہے اور دوسری جو اسے پالتی ہے۔ دونوں کے اپنے حقوق ہوتے ہیں اور دائرہ کار الگ الگ۔ ایک اس مٹی کی زبان جس میں جنم لیتے ہیں اور دوسری تہذیبی زبان جسے قوم کی نمائندہ زبان کہتے ہیں۔ دونوں زبانوں کا دائرۂ کار الگ الگ ہوتا ہے۔ قرآن کی ایک ایک آیت کے مطابق

كُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ

اجرامِ فلکی سب اپنے اپنے دائروں میں گھومتے ہیں۔ بالکل ایسے ہی زمین کی دو گردشیں ہیں۔ ایک زمین کی اپنے گرد اور دوسری سورج کے گرد۔ پہلی گردش سے رات دن پیدا ہوتے ہیں۔ اور دوسری گردش سے موسم پیدا۔ اور دوسرے تغیرات رونما ہوتے ہیں۔ دونوں زبانوں (اُردو اور پنجابی) میں کوئی محاذ آرائی ہے نہ ہونی چاہیئے۔ دونوں کا دائرۂ اختیار الگ الگ ہے۔ اور اس میں کسی قسم کے ٹکراؤ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔"

چلتے چلتے ایک بات جو ہم خاص طور پر قارئین سے عرض کرنا چاہتے ہیں۔ وہ یہ ہے کہ آئندہ خالد صاحب آسان اور سادہ زبان میں شعر کہا کریں گے۔ اُنھوں نے بتایا کہ مشکل زبان میں شعر لکھ کر "کیوں اپنے آپ نوں تے اپنے قاری نوں اوکھا کریے؟" آسان اور سادہ زبان میں اُردو میں شاعری کرنے کا فیصلہ کر کے اُنھوں نے بے شک اپنے قارئین پر احسانِ عظیم کیا ہے۔ خدا انھیں اس کڑی آزمائش میں پورا اُترنے کی توفیق دے۔

حضرت حفیظ جالندھری سے چند دنوں ایک انٹرویو کرنے والے نے عبدالعزیز خالد کے بارے میں ان کی رائے پوچھی، تو فرمانے لگے:

"عبدالعزیز خالد شاعروں میں عالم ہے۔ ایسا علم جسے علم کا استعمال کرنا آتا ہے۔ وہ لفظ کو جہاں چاہتا ہے۔ رکھ دیتا ہے۔ اور پھر کوئی اس لفظ کو وہاں سے نہیں اُٹھا سکتا۔"

ایک معاصر روزنامہ میں معروف افسانہ نگار غلام عبّاس کا انٹرویو شائع ہوا ہے۔ غلام عبّاس صاحب نے اپنے انٹرویو میں بتایا ہے کہ:

"۱۹۵۰ء کے بعد پاکستان میں کیا دنیا میں کہیں بھی بڑا ادب تخلیق نہیں ہوا ہے۔ مزید یہ کہ

سرکاری ملازمت میں رہتے ہوئے جتنا کام میں نے اور ن۔م راشد نے کیا ہے اور کسی نے نہیں کیا۔"

غلام عبّاس صاحب کی پہلی بات تو اس لحاظ سے ٹھیک ہے کہ وہ اپنا مقبول اور مشہور افسانہ "آنندی" ۱۹۵۰ء سے پہلے تحریر کر چکے تھے۔ اگر وہ یہ کہانی ۱۹۵۰ء کے بعد لکھتے تو شاید انھیں دنیا میں اور پاکستان میں بڑا ادب نظر آجاتا۔

رہی سرکاری ملازمت میں رہ کر بہت زیادہ کام کرنے کی بات۔ تو غلام عبّاس صاحب کا بڑا کام یہ ہے کہ موصوف نے اپنی طویل زندگی میں صرف ۵۰ کہانیاں لکھی ہیں۔ سرکاری ملازمت میں رہ کر اگر کسی شخصیت نے کام کیا ہے تو وہ عبدالعزیز خالد ہیں۔

گزشتہ دنوں عبدالعزیز خالد سے ایک صاحب نثری نظم پر رائے لینے کے لیے آئے۔ خالد صاحب نے نثری نظم کے بارے میں فی البدیہہ یوں رائے دی:

لیکن اس کا نام نثری نظم کیوں؟
شاعرانہ نثر پارہ کیوں نہیں؟

اکرام چغتائی گویا ہوئے:

"اُستاد! کیا آپ نے اپنی کتاب (فصلِ سلاسل) بک اسٹالز پر بھجوائی ہے کہ نہیں؟"

احسان دانش بولے:

"ہرگز نہیں۔ میری کتاب اپنے خریدار خود پیدا کرے گی۔ اور وہ میرے گھر آکر یہ کتاب خریدیں گے۔"

پتہ چلا ہے کہ عبدالعزیز خالد نے احسان دانش سے کتاب منگوائی اور اُنھوں نے بھیج دی۔

آئینۂ ادب لاہور کے شیخ عبدالسلام کے نام ڈاکٹر فرمان فتح پوری نے ایک خط میں بہت سی نجی باتیں لکھی ہیں۔ چند باتیں جو ڈاکٹر صاحب نے عبدالعزیز خالد کے بارے میں لکھی ہیں۔ سنیئے:

"ماذ ماذ" اور "ثانیِ لاثانی" سے چہرہ دمک اُٹھا۔ آنکھیں روشن ہوگئیں۔ اور قلب نے توانائی محسوس کی۔ خالد کا ذہن، خالد کی عاشقانہ طبیعت، ان کا خلوص، جذبات اور قلم کی نفاست و پاکیزگی سب سے لطف اندوز ہوا۔ خاص طور پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر اُنھوں نے جس والہانہ انداز سے کیا ہے۔ اس سے دل بھر آیا۔ کبھی آنکھیں غمناک ہوئیں۔ اور کبھی خالد کی صحت و عمر کے لیے ہاتھ اُوپر اُٹھ گئے۔"

علی گڑھ یونیورسٹی شعبۂ عربی کے سربراہ ڈاکٹر مختارالدین احمد آرزو نے جناب عبدالعزیز خالد کے نام ایک خط میں لکھا ہے:

"جس طرح میں اپنے طالب علموں سے اصرار کرتا ہوں۔ کہ وہ سبعۂ معلقہ، دیوانِ حماسہ، دیوان متنبّی کے کچھ قصائد، ابوتمام، بحتری اور بعض غزل گو شعراء کے منتخب مقطوعات زبانی یاد کریں اس طرح میں انھیں مشورہ دیتا ہوں۔ کہ آپ کا مشہور نعتیہ قصیدہ حفظ کریں۔ تاکہ ان کے پاس خوبصورت الفاظ کا اچھا ذخیرہ محفوظ رہے۔ ان کے طریقِ استعمال سے بخوبی واقف ہو سکیں۔ اس کے ساتھ اگر وہ اس قصیدہ کے مفاہیم و مطالب سے آگاہی حاصل کر سکیں اور اشعار سے لطف اندوز ہو سکیں تو کیا کہنا؟"

ڈاکٹر صاحب کی رائے سر آنکھوں پر۔ ہماری ناچیز رائے میں اگر "طرقِ استعمال" کی جگہ "ترکِ استعمال" ہوتا۔ تو زیادہ بہتر ہوتا۔

---

۱۴ اگست کی شان کو دوبالا کرنے کے لیے معروف دانشور فضل من اللہ نے اپنے گھر میں ادیبوں کو آموں کی ایک شاندار پارٹی دی۔ اس پارٹی میں عبدالعزیز خالد، تحسین فراقی، حفیظ الرحمٰن احسن، جعفر بلوچ اور طاہر شادانی شریک ہوئے۔ عبدالعزیز خالد کی تقریباً یہ عادت سی بن گئی ہے کہ وہ اچھا لکھنے والے کی تعریف کیے بغیر رہ نہیں سکتے۔ نیا لکھنے والا جونیئر ہو یا سینئر اُن کے مداحوں میں ہو یا اُن کے مخالفوں میں۔ ان کا کام ہر لکھنے والے کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ چنانچہ یہاں بھی اُنھوں نے حفیظ الرحمٰن احسن کو مخاطب کر کے کہا: "حفیظ صاحب! جعفر بلوچ آج کل بہت اچھے شعر کہہ رہا ہے۔ اگرچہ یہ ہمیشہ میرے خلاف لکھتا رہتا ہے!" جناب حفیظ نے برجستہ جواب دیا:

"شاید آپ کے اختلاف ہی کی وجہ ہے کہ یہ بہت اچھے شعر کہتا ہے!"

اور جناب خالد سمیت حاضرین نے ایک زوردار قہقہہ لگایا۔

ڈاکٹر عبدالسلام خورشید

عبدالعزیز خالد

اتنی محنت شاید ہی کسی شاعر یا فنکار نے کی ہو

اسلم کمال کے اعزاز میں مدیر نقوش کے عشائیے میں ہماری ایک جانب عبدالعزیز خالد تھے دوسری جانب قتیل شفائی ایک صاحب نے خالد سے پوچھا آج کل آپ کہاں متعین ہیں ۔ وہ بولے ایک ہفتے کے اندر اندر ریٹائر ہو رہا ہوں ہم بھونچکے سے رہ گئے سوچا علم کی خدمت کو تسلیم کرتے ہوئے حکومت نے انہیں پچیس سال کی سروس کے بعد ریٹائر کر دیا ہوگا اس لئے ہم نے حیرت سے پوچھا اس عمر میں ریٹائرمنٹ ؟ وہ بولے میں ۱۵ جنوری ۸۰ء کو ساٹھ سال کا ہو جاؤں گا ۔ ہم نے قدرے تاسف سے کام لیتے ہوئے کہا گویا اب کاکے بھی ریٹائر ہونے لگے ہیں ۔ انھوں نے زور کا قہقہہ لگایا لیکن ظاہر ہے دل میں خوش ہوئے ہوں گے کہ جوانی کی سند مل گئی اس وقت ہم واقعی سوچ رہے تھے کہ اتنے تجربہ کار انکم ٹیکس کمشنر کو ریٹائر کر کے حکومت نے کچھ کھویا ہے یا نہیں لیکن اس کے ساتھ ہی ہم نے انہیں مبارکباد دی آج کے دور میں نیک نامی سے ریٹائر ہونا بھی خوش نصیبی ہے کیونکہ ہمیں بھی ۱۹۷۹ء میں ایک بزرگ نے مبارک باد دی تھی اور ہمیں وہ مبارک باد اب تک یاد ہے اور ہم خوش ہیں کہ تذلیل کرائے بغیر اور پیسے بغیر اور مُردہ باد کے نعرے کے بغیر سیدھے سادے آبرومندانہ انداز میں ریٹائر ہو گئے ۔

عبدالعزیز خالد سے ہمارا دیرینہ یارانہ ہے پہلے غائبانہ پھر بالمشافہ ۱۹۴۹ء میں ہم فری لانس صحافی تھے دوسرے کاموں کے علاوہ گھر بیٹھ کر ایک ادبی ماہنامہ کتاب ایڈٹ کیا کرتے تھے اس میں عبدالعزیز خالد بھی لکھتے تھے وہ اس وقت کراچی میں انکم ٹیکس افسر تھے ان کی خوبصورت شاعری اور خوبصورت خط کو دیکھ کر بہت متاثر ہوتے اور سوچتے ایسے خوبصورت انسان سے ضرور ملنا چاہیے کراچی گئے تو حسن اتفاق سے ذکریا ساجد کے ہاں قیام ہوا جو آج کل کراچی یونیورسٹی میں شعبہ ابلاغیات کے صدر ہیں دوسرا حسن اتفاق یہ تھا کہ وہ عبدالعزیز کو جانتے تھے چنانچہ ان ہی کی وساطت سے خالد سے پہلی ملاقات ہوئی کچھ عرصہ بعد خالد لاہور آئے تو ان کے اعزاز میں بی این آر آڈی ٹوریم میں ایک علمی نشست ہوئی مرحوم جسٹس ایس اے رحمان صدر تھے بندہ ناچیز بھی مقالہ نگاروں میں شامل تھا وہ محفل اس لئے خصوصی طور پر یاد ہے کہ ہم نے اپنے مقالے کے آغاز میں ایک کہانی سنائی کہتے ہیں کہ ایک شعبدہ گر لوگوں کے

ایک اجتماع میں مختلف کرشمے دکھا رہا تھا اچانک اس نے ایک سیب لیا اور اسے ہاتھ نچوڑ کر گلاس میں ڈال دیا اور للکارا ہے کوئی جو اس میں سے رس کا ایک قطرہ تک اور نکال دے مجھے، ایک نوجوان اٹھا اور اس نے چیلنج قبول کرنے کا عہد کیا اس نے پھوک ہاتھ میں لیا اسے دبایا تو کیا دیکھتے ہیں کہ پہلے جتنا رس اور نکل آیا ہر طرف واہ واہ کے ڈونگرے برسنے لگے اس سے پوچھا گیا کیا کام کرتے ہو بولا میں انکم ٹیکس افسر ہوں ہم نے کہا عبدالعزیز خالد علم و ادب کے معاملے میں اسی قسم کے انکم ٹیکس افسر ہیں اور دیکھئے انہوں نے آنے والے اڑتیس سالوں میں کیا کچھ نہ کر دکھایا۔ عربی فارسی، سنسکرت پنجابی اور شاید اور زبانوں پر بھی عبور پایا۔ کتابیں اتنی لکھیں کہ ان کا سکور ہم عصروں میں نہایت نمایاں ہے ہم نے انہیں بہت مشکل پسند کہا تھا اس کا انہوں نے برا نہ مانا لیکن کچھ علم ہم نے حاصل کیا کچھ انہوں نے مشکل پسندی گھٹائی کا نتیجہ یہ نکلا کہ ان کی ہر تخلیق پسند آنے لگی پھر موضوعات دیکھئے تو اس میں بے حد تنوع نعتیہ کلام میں ایسا نام پیدا کیا کہ رہے نام اللہ کا اور رومانیت کو موضوع بنایا تو اتنی رنگینی کا مظاہرہ کیا کہ کہیں کہیں تھرڈ لے لوگوں کو فحاشی کا گمان گزرا جاپانی شاعری پر بھرپور کتاب کا بھرپور ترجمہ کیا آسکر وائلڈ کی سلومی کو اردو میں پیش کیا مہابھارت کتھا بھی لکھ ڈالی اور یہ کام بڑی سخت ترین زمین میں ہوا اور خوب ہوا دی دلچسپی کے اتنے علمی کام کئے کہ حضرت نعیم صدیقی نے سیارہ کا ایک یا شاید دو بھاری بھرکم عبدالعزیز خالد نمبر چھاپے اور ایک بات بہت اچھی ہوئی کہ ان کے بارے میں جو مواد چھپا وہ سب خاص نمبروں یا کتابوں کی صورت میں ان کے سامنے ہی یکجا ہو گیا اور ابھی یک جائی کا یہ عمل جاری ہے اور ہم نے جان بوجھ کر ایک بات کا ذکر ابھی تک نہیں کیا کہ حضرت عبدالعزیز خالد نے محنت شاقہ سے کام لے کر قرآن حکیم کا منظوم ترجمہ کر ڈالا

اتنی محنت شاید ہی کسی شاعر یا فن کار نے کی ہو اور طرہ یہ کہ سب کچھ اپنے فرائض منصبی کی مکمل اور نہایت باقاعدہ بجا آوری کے باوجود ہوا وہ ان گنے چنے افسروں میں سے تھے جو عین وقت پہ دفتر آجاتے اور کام کی باقاعدگی کا یہ عالم تھا کہ میز صاف رہتی تھی یعنی جونہی کوئی کام آتا تھا اسے نپٹا دیتے تھے اور فالتو وقت میں کچھ پڑھتے لکھتے رہتے تھے یا احباب سے گپ رہتی تھی جس شخص نے اتنا ادبی کام اتنا علمی کام کیا وہ اگر فرائض منصبی کی ادائیگی میں قدرے سست ہوتا تو اس میں اچنبھے کی کوئی بات نہیں تھی لیکن نہیں ایسا نہیں ہوا انہوں نے اپنے بال بچوں کے بارے میں بھی فرائض خوش اسلوبی سے ادا کئے دفتری فرائض بھی کارکردگی کے مظہر تھے اور اس کے باوجود اتنے علمی کارنامے نمایاں سرانجام دیئے کہ ادبی تاریخ میں ان کا نام ہمیشہ زندہ رہے گا وہ دوسرے شعراء سے متاثر ہوئے ہوں گے کیونکہ ماحول سے ہر شخص کسی نہ کسی طرح متاثر ہوتا ہے لیکن ان کی ڈکشن منفرد ہے دوسروں سے الگ تھلگ ہے اگر وہ آج کسی کو پسند نہیں تو کل پسند آجائے گی اور یہ بات بلاخوف تردید کہی جا سکتی ہے۔ کہ وہ اردو شاعری میں ایک نئے راستے کے بانی ہیں یہی وجہ ہے کہ اس ملک میں شاید ہی کوئی ایسا قابل ذکر ادیب یا نقاد یا شاعر ہو جس نے انہیں خراج عقیدت ادا نہ کیا ہو۔

محفلیں

شمیم اکرام الحق

شام خالد

ادبی محفلوں کا اپنا ایک مزاج ہوتا ہے۔ لیکن ان دنوں کوئی بھی محفل سیاسی رنگ سے خالی نہیں اور پھر ادب لاکھ مست ملنگ سہی سیاست کے ساتھ اس کا شروع سے منگیتر والا رشتہ ہے۔ وہی صاف چھپتے بھی سامنے آتے بھی نہیں والا انداز لیکن حلقۂ اربابِ ذوق اسلام آباد کے تعاون کے ساتھ اسلامیہ کالج لاہور کی اولڈ بوائز ایسوسی ایشن نے جب شاعر عبدالعزیز خالد کے ساتھ شام منائی اور حافظ مظہر الدین اور پیر نصیر الدّین صاحب کے کلام میں بار بار اسلام اور اسلامی نظام کا ذکر آیا تو ایک صاحب نے سرگوشی کی۔

"یہ تو لگتا ہے کہ قومی اتحاد کا جلسہ ہو رہا ہے۔"

اور پھر جب جمیل ملک کی طویل تقریب کے دوران بیشتر حاضرین نماز کے لیے چلے گئے تو ان صاحب کا شک یقین میں بدل گیا اور ایک باریش بزرگ کی ٹھاڑھی کو تو انھوں نے اچھی طرح نظروں سے ٹٹول ٹٹول کر دیکھا کہ کہیں مفتی محمود تو نہیں بیٹھے ہیں۔ تقریب کی صدارت جسٹس عطاء اللہ سجّاد نے کی۔ علیم ناصر خانوس کے مدیر کہنے لگے، اولڈ بوائے تو میں بھی ہوں۔ مگر اسلامیہ کالج کا نہیں بلکہ خالصہ کالج کا۔ سلطان رشک نیرنگِ خیال کے مدیر ہیں انھوں نے عبدالعزیز خالد کو تیز رفتاری کے لحاظ سے اُردو شاعری کا ڈی۔ سی۔ اقرار دیا اور کہا ابھی میں ان کی بائیسویں تصنیف کو نصف بھی نہ پڑھ سکا تھا کہ ان کے نصف درجن مجموعے اور چھپ کر آ گئے۔ ہو سکتا ہے لاہور سے پنڈی آتے آتے ایک مجموعہ اور ترتیب پا گیا۔

پروفیسر کرم حیدری نے منظوم ہدیۂ تحسین پیش کیا اور کہا ؎

خوش ادا بھی ہے خوش کلام بھی ہے
شاعری میں فلک مقام بھی ہے

شبیر حسین ناظم کہنے لگے ؎

یہ جو عبدالعزیز خالد ہے
یہی اُردو ادب کا والد ہے

ممتاز مفتی کو گویا اونگھتے کو ٹہلنے کا بہانہ مل گیا۔ وہ آتے تو سب سنبھل کر بیٹھ گئے انھوں نے بھی مایوس نہیں کیا اور چپٹا مقالہ پڑھنا شروع کیا:

"خالد کا مجموعہ دیکھتا ہوں تو جی چاہتا ہے جزدان میں لپیٹ کر رکھ دوں۔ خالد کو دیکھتا ہوں تو جی چاہتا ہے بھاگ جاؤں۔"

ایک بار ابنِ انشاء سے ایک محفل میں عبدالعزیز خالد کو دیکھ کر میں نے کہا

مفتی! اس آدمی کو دیکھ رہے ہو؟

انشاء۔ وہی جس کی چٹی قمیض پر لنڈے کا ایک کوٹ ہے۔

مفتی۔ ہاں! جس کے چہرے پر اندھیرا اُجالے سے جدا نہیں۔

انشاء۔ ایک وقت آئے گا یہ چہرہ اتنا روشن ہوگا کہ اس کی طرف دیکھ نہ سکو گے۔

مفتی۔ اب بھی دیکھ نہیں سکتا۔

انشاء۔ ایک دن آئے گا جب دنیا اس کی طرف دیکھے گی۔ یہ مرغی انڈوں پر بیٹھی ہے۔ جب اُٹھے گی تو دنیا دیکھے گی۔

مفتی۔ کیا دیکھے گی؟

انشاء۔ سونے کے انڈے۔

آج میں سوچتا ہوں یا اللہ یہ خالد کیا چیز ہے۔ ہر چیز پر حاوی۔

اختر جمال نے اور جمیل یوسف نے شاعر کے فن پر روشنی ڈالی۔ ضمیر جعفری آج کل نیلام گھر کے انعامی ٹکٹ پر عمرہ کرنے گئے ہوئے ہیں جو انھیں بہترین نعت لکھنے پر ملا تھا۔ اسٹیج سیکرٹری نے ان کا غائبانہ شکریہ ادا کیا۔

خدا جانے کس سلسلے میں۔ مگر ایک صاحب بولے:

"وہ وہاں شکر ادا کر رہے ہوں گے کہ طویل محفل میں شرکت سے بچ گئے۔"

جسٹس عطاء اللہ سجاد کہنے لگے:

"مجھ پر صدارت اس طرح نازل ہوئی جس طرح کسی شہر میں سب سے پہلے داخل ہونے والے فقیر پر بادشاہت۔"

اصغر ندیم سید

محفلیں

شام کی اذانیں ہو رہی ہیں۔ سب لوگ لان میں پہنچ چکے ہیں۔ میزوں پر کھانے پینے کی اشیاء آراستہ ہیں۔ مرکزی میز پر اہم شخصیت عبدالعزیز خالد اپنے احباب کے جلو میں موجود ہیں۔ ان کے دائیں جانب غالباً کسی محکمے کے ڈائریکٹر کھڑے ہیں۔ بائیں جانب کسی تعلیمی ادارے کے سربراہ موجود ہیں۔ ان کے پہلو میں محفلیں کا مسکین کالم نویس کھانے پینے کی اشیاء پر خصوصی توجہ کے ساتھ موجود ہے۔ کچھ آگے اور سامنے باذوق معززین شہر گپ شپ کر رہے ہیں۔ جناب عبدالعزیز خالد کو سست دھار کی لکڑی کے دستے والی چھری پیش کی جاتی ہے۔ وہ میز پر موجود بڑے سے کیک پر وار کرتے ہیں جس پر لکھا ہوا ہے:

"آرزوئے اقبال عبدالعزیز خالد زندہ باد"

پھر تالیاں بجتی ہیں اور مبارکباد کا شور سنائی دیتا ہے۔ مسکین کالم نویس "آرزوئے اقبال" والے کیک کو دھڑا دھڑ کھا رہا ہے۔ ممتاز شہریوں کا سکور بھی کسی سے کم نہیں ہیں۔ دعوت ہوتے ہوئے سب لوگ عبدالعزیز خالد کو ان کی نئی کتاب "پروازِ عقاب" کی مبارکباد پیش کر رہے ہیں۔

حضرات!

یہ آنکھوں دیکھا حال ہم نے عبدالعزیز خالد کے ساتھ منائی جانے والی شام سے اخذ کیا ہے۔ خالد صاحب نے حال ہی میں ہوچی منہ کی زنداں نامہ "کا منظوم ترجمہ" "پروازِ عقاب" کی شکل میں پیش کیا ہے۔ بابِ خیر سے بحیرۂ عرب نزد کراچی شہر تک اس ادبی کارنامے کی خبر پہنچی ہے اور کچھ شامیں بھی منائی گئی ہیں۔ خالد صاحب شاعری میں بہت چوکنے اور صحیح وقت پر صحیح چیز پیش کرنے میں خاصے مشہور ہیں۔ یہ کتاب جس موضوع پر لکھی گئی ہے قوم قبول کرنے کے لیے بالکل تیار بیٹھی ہے۔ ہمارا پڑھا لکھا طبقہ ان دنوں ایک ایسے کرب کا شکار ہے جس کا اندازہ اس ادب سے لگایا جا سکتا ہے جو جنگی قیدیوں کے ناقابلِ فراموش تجربات پر مبنی ہے۔ ان دنوں ہمارے ادیبوں اور شاعروں نے تمام فروعی موضوعات کو تج کر اپنی تمام تر صلاحیتیں اس محاذ کی طرف مبذول کر دی ہیں۔ جو انسانیت کو زندہ رکھنے کی جدوجہد میں مصروف ہے۔ پاکستانی ادب کی تاریخ میں یہ موڑ بہت اہم ہے۔ ہم مطمئن ہیں کہ پاکستانی شاعر اور ادیب اس مسئلے سے غیر جذباتی انداز میں جھلاہٹ اور مایوسی کا شکار ہوئے بغیر برتاؤ کر رہے ہیں۔ اس طرح ایک توانا تحریک جنم لے چکی ہے۔ شاعر اور ادیب اس مسئلہ پر اتفاق رائے رکھتے ہیں

البتہ رویّے جدا جدا ہو سکتے ہیں۔ عبدالعزیز خالد کے تراجم کا موضوع بھی ظلم کے خلاف ایک متوازی احتجاج ہے۔ یہ جیل کی صعوبتوں کی داستان ہے۔ پروازِ عقاب کی بیشتر نظمیں ہماری ہی صورتِ حال کے تناظر میں لکھی گئی ہیں۔ عبدالعزیز خالد کا شعوری جغرافیہ ہمارے بحران سے براہِ راست متاثر ہوا ہے۔ اس لیے اس کی جذباتی وابستگی کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ "پروازِ عقاب" کی یہ نظم ہمارے اپنے گھر کی کہانی معلوم ہوتی ہے۔

ہم میں سے ہر ایک کا راشن
پانی کا آدھا باسن
نہا لو، دھو لو، چائے پکا لو
جو جی چاہے کر لو
ہے منظور اگر منہ دھونا
خیال چائے کا ترک کرو
اور اگر چائے نوشی پہ ہے طبیعت مائل
تو پھر منہ ان دھوتا رہنے دو

عبدالعزیز خالد کی شام میں عاصی کرنالی نے ان کی شخصیت پر مضمون پڑھا۔ عاصی کرنالی کا لہجہ بنیادی طور پر انکسار سے ترتیب پاتا ہے۔ یہ مضمون خالد صاحب کی ملتان میں آمد۔ ملاقات اور رخصتی جیسے واقعات پر مبنی تھا۔ البتہ خالد صاحب کے ادبی نظریات کا حوالہ بھی موجود تھا۔

اس موقع پر ایک مشاعرہ بھی ہوا جس میں شاعروں نے شاعروں کو داد نہیں دی اور سامعین داد دینے کا طریقہ نہیں جانتے تھے۔ اس مشاعرے میں عبدالعزیز خالد۔ آغا خاموش۔ جابر علی سید۔ ایاس عشقی۔ انور مسعود۔ مقبول قریشی اور رشید عثمانی نے حصہ لیا۔ یہ تقریب آغا شیر احمد خاموش اور چودھری عبدالرحمٰن کی معاونت اور محنت سے ترتیب دی گئی تھی۔

ایس قمر الزمان

ینگ تھنکرز ایسوسی ایشن کی — "شامِ خالد"

گزشتہ روز ینگ تھنکرز ایسوسی ایشن، گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی لاہور کے زیرِ اہتمام پارک ویو ہوٹل میں "شامِ خالد" منائی گئی۔ جس طلبا، اساتذہ اور شعراء ادبا نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآنِ پاک سے ہوا۔ اس کے بعد ایک طالب علم امجد الٰہی دانش نے عبدالعزیز خالد کی حمد "بدیع ارض وسما لا الٰہ الا اللہ" ترنم سے پیش کی۔ اس کے بعد "ہونہار بروا" کے عنوان سے ایک طالب علم علی رضا نے عبدالعزیز خالد کی شخصیت اور سوانح پر روشنی ڈالی اور ان کی کامیاب زندگی کو ان کے خلوصِ کار پر مبنی قرار دیا۔ اس کے بعد صدر ینگ تھنکرز ایسوسی ایشن مسٹر قمر الزمان نے عبدالعزیز خالد کی شاعرانہ فتوحات کا نہایت حقیقت پسندانہ جائزہ لیا۔ انھوں نے خالد کی نعتیہ شاعری، منظوم ڈرامے، قومی شاعری اور غزل گوئی کا جائزہ لیتے ہوئے انہیں حضرت اقبالؒ کے بعد ابھرنے والے شعراء میں سب سے زیادہ قدآور قرار دیا۔ قمر الزمان نے ان کی غزل کو جدید غزل گوئی کی آبرو قرار دیا اور کہا ہر چند جدیدیت کے علمبردار خصوصاً ڈاکٹر وزیر آغا جدید گوئی کا پُرشوق نعرہ لگاتے ہیں۔ لیکن جب خود غزل کہتے ہیں تو ان کی بے کلاسیکل غزل گو شعراء سے جا ملتی ہے خالد اور صرف خالد ہی ایک ایسا غزل گو ہے جس نے غزل کو کلاسیکل اسلوب اور شیوۂ غزل گوئی سے الگ کر کے اس میں ارضِ پاکستان کا رنگ و آہنگ اور پنجاب کی لوک ریت اور لوک کہانیوں کی محبوباؤں کا انداز پیدا کر دیا ہے۔

سیکرٹری ینگ تھنکرز ایسوسی ایشن نے اپنی مختصر تقریر میں ینگ تھنکرز ایسوسی ایشن کا تعارف کرایا اور "شامِ خالد" منانے کا جواز پیش کرتے ہوئے کہا کہ سائنس اور ٹیکنالوجی ہماری قومی ترقی کے لیے ناگزیر ہے اس پر ہماری مادی ترقی کا انحصار ہے اور شعر و افسانہ ہمارے روحانی ارتقاء کے لیے ضروری ہیں لہٰذا مادی اور روحانی تربیت کے لیے سائنس اور ٹیکنالوجی اور تخلیقی ادب کے مابین مفاہمت کی ضرورت ہے یہ ایک شعر کے دو متوازن مصرعے ہیں انہیں دو لخت نہ ہونا چاہیے مسٹر سہراب ظفر نے اُردو میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے موضوعات پر کتابوں کی ناپیدگی کا ذکر کرتے ہوئے ادبا سے استدعا کی کہ وہ اس کو پورا کرنے پر مستعد ہو جائیں۔ نیز شعراء و ادبا سائنس اور ٹیکنالوجی پر منحصر ایسے ادب کی تخلیق کا بھی تجزیہ کریں جو طلباء میں سائنسی شعور اور مزاج پیدا کر سکے اور تفریحِ طبع کا بھی باعث ہو۔

کامل القادری نے عبدالعزیز خالد کی شاعری کے نمایاں پہلوؤں پر روشنی ڈالتے کہا کہ خالد اصلاً سرسید احمد خان، حالی، شبلی اور اقبال کے قبیلے کا سرو بلند ہے اور سرسید احمد خان نے خرد افروزی کی جو شمع جلائی تھی وہ اس روشنی میں ادبی تخلیق کر رہا ہے لہٰذا اس کے ہاں تسخیر کا جذبہ زیادہ سائنسی بنیادوں پر قائم ہے اور سائنس اور مذہب کے مابین کوئی نزاع نہیں وہ حقائق اشیاء جانتے اور تجسس اشیاء کا شاعر ہے یوں بھی جدید طبعیات کے فروغ کے بعد مادیت اور روحانیت کی تفریق ختم ہو چکی ہے۔ اور یہ غلط تصور ختم ہو چکا ہے کہ یہ دو مختلف انواع ہیں۔ اب مادہ کو توانائی اور توانائی کو مادہ میں منتقل کرنے کا تجربہ کیا جا چکا ہے لہٰذا اس حقیقت کا رنگ کلامِ خالد میں بھی جھلکتا ہے۔

شام خالد کے صدر جناب عارف عبدالمتین نے خالد کی فنی اور علمی یافت کا حقیقت پسندانہ جائزہ لیتے ہوئے اپنی عالمانہ تقریر میں کہا کہ سائنس اور ادب دونوں ادراک حقائق کے ذرائع ہیں اور ان کے مابین فرق و امتیاز طریقہ کا ہے۔ نہ کہ بنیادی مقاصد کا۔ انھوں نے فرمایا کہ سائنس اور ٹیکنالوجی اور ادب میں مفاہمت کی آرزو فطری ہے اور اسے زیادہ مستحکم بنیادوں پر ہونا چاہیئے۔ سائنس اور دین یا روحانیت اور مادیت دونوں شعبے حقیقت کی تفہیم کے لیے سرگرداں ہیں۔ خدا تعالیٰ نے بھی تسخیر کائنات پر بار بار ابھارا ہے۔ مذہب اور سائنس کے مابین بیر کے مناظر یورپ میں ملتے ہیں۔ مسلمانوں کی تاریخ پر نظر ڈالیے وہاں کسی گلیلیو کو دار و گیر سے گزرنا نہیں پڑا ہے۔ انھوں نے مسلم سائنس دانوں کے سائنسی کارنامے اور ایجادات کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ انسان کا عمل تب ہی عملی پیکر میں ڈھلتا ہے۔ جب دماغ اور جسم دونوں کا عمل عقل و شعور پر مبنی ہو۔ خالد صاحب کو ایک سے زیادہ زبانوں پر عبور حاصل ہے! اور تمام علوم کو سمیٹ کر اور باہم مربوط کر کے اسے شاعرانہ پیکر میں ڈھالا ہے انھوں نے ماضی و حال کو باہم وگر کر دیا ہے۔ اور مستقبل کے رخ سے نقاب اٹھا دیا ہے۔ اس طرح ان کی شاعری میں د) کی خصوصیت پیدا ہو گئی ہے۔ اور یہی عبدالعزیز خالد کی سب سے عظیم و جلیل شاعرانہ یافت ہے۔

"شام خالد" میں پروفیسر طفیل دار، پروفیسر تحسین فراقی، جناب علیم ناصری جناب منظور احمد سعید، جناب انعام الحق جاوید نے عبدالعزیز خالد کے فکر و فن اور شخصیت پر مبسوط مقالات پیش کیے اور پروفیسر حفیظ صدیقی اور پروفیسر تحسین فراقی نے خالد صاحب کے کمالات کی داد اپنے منظوم پاروں میں دی۔

ینگ تھنکرز ایسوسی ایشن کی یہ تقریب ساڑھے چار گھنٹے جاری رہی اور "کلام خالد بہ زبان خالد" پر ختم ہوئی۔ خالد صاحب نے اپنے مخصوص انداز میں اپنا کلام سنایا جو طلبا میں بہت پسند کیا گیا۔

اسلم ملک

جناب عبدالعزیز خالد ہمارے یہاں کے ایک قدر آور شاعر ہیں۔ جنھوں نے فصیلِ شہرِ سخن پر تخلیق کے ان گنت چراغ روشن کیے ہیں۔ چودھویں صدی ہجری کی آخری دو دہائیوں میں ادب اور ثقافت کے حوالے سے نعتِ رسولِ مقبول کی ترویج و ترقی کے لیے تحقیقی اور علمی سطح پر جو کام ہوا ہے اس میں سب سے زیادہ حصّہ عبدالعزیز خالد ہی کا ہے۔ "منمنّا" "فارقلیط" "ماذا" "طاب طاب" گنجینۂ نعت میں گرانقدر اضافے ہیں۔ حسّان بن ثابتؓ۔ علّامہ بوصیریؒ، جامیؒ، سعدیؒ، امیر مینائی، ورد، محسن کاکوروی، مولانا احمد رضا خاںؒ، حالی، اقبال لاہوری اور مولانا ظفر علی خان سے ہوتی ہوئی نعت کی روایت جب عبدالعزیز خالد، حافظ مظہر الدینؒ اور حفیظ تائب تک پہنچتی ہے تو اس میں جذبات و عقیدت کے ساتھ ساتھ سیرت نگاری کا عنصر بھی شامل ہو جاتا ہے۔ عبدالعزیز خالد غزل کے بھی بہت اچھے شاعر ہیں۔ لطیف۔ انسانی جذبات و احساسات کی ترجمانی انھی کا حصّہ ہے۔ غزل اور نعت کو عالمانہ شان دینے والے اقبال کے بعد تن تنہا عبدالعزیز خالد ہی ہیں۔ اگر یہ کہا جائے کہ پاکستانی ادب عہدِ خالد میں سانس لے رہا ہے تو کچھ غلط نہ ہوگا۔ عبدالعزیز خالد دل کش اور دل آویز شخصیت کے مالک ہیں۔ نرم دم گفتگو کی ترکیب انھی پر سجتی ہے۔ خوش گفتار، عجز و انکسار کے پیکر، پچھلے دنوں عبدالعزیز خالد سیالکوٹ تشریف لائے تو شہرِ اقبال کے علمی اور ادبی حلقوں نے انھیں ہاتھوں ہاتھ لیا۔

سعید صفدر

عبدالعزیز خالد — ایک پیارا شاعر

عبدالعزیز خالد شاعر ہیں۔ یہ کون نہیں جانتا۔ لیکن یہ بہت کم لوگوں کو علم ہے کہ درحقیقت وہ بہت ہی پیارے شاعر ہیں۔ پیارے شاعر کی اصطلاح ان شاعروں کے لیے استعمال کی جانی چاہیئے جو اپنے شعروں میں بھی اور اپنی باتوں میں بھی اور اپنی خوب صورت مسکراہٹ میں بھی پیارے لگیں اور یہ محسوس ہو کہ موصوف اگر شاعر نہ ہوتے تو پھر بھی ان کی محبوبیت میں کمی نہ ہوتی۔

یہ بات میں نے اس لیے کہہ دی کہ کل عبدالعزیز خالد پر بہت سے مشہور لوگوں نے گزوں لمبے مضامین اور میلوں لمبی تقریریں کیں۔ لیکن مجال ہے جو یہ بتایا ہو کہ اپنے چہرے کو ٹھوڑی پر رکھے، میز کے ساتھ پڑی تیسری کرسی پر سادہ شلوار قمیض میں ملبوس جو شخص نہایت لاتعلقی سے یوں بیٹھا ہے جیسے اس عبدالعزیز خالد سے اس کا کوئی تعلق ہی نہ ہو۔ جس کے تذکرے سے ان کی زبانیں خشک ہوئی جاتی ہیں۔ اتنا دل گداز، حساس، گھرا اور ٹھوس ہے اور اس میں مسحور کر دینے والی کوئی ایسی غیر مرئی کشش ہے کہ اگر یہ ملٹن کے پائے کا شاعر بھی ہوتا تو یونہی سے بریٹی ہونا بے نیازی سے مسکراتا اور یونہی ایڈمائر کیا جاتا۔

ان میں محترمہ شناور ڈوگر نے کچھ ایسی کوشش کی۔ لیکن وہ بڑی محتاط تھیں۔ کیونکہ یہ کسی کو نہیں پتہ کہ اپنے کلام میں نسوانی حسن کی تعریف کے سلسلے میں عبدالعزیز خالد کچھ ایسے جذباتی ہوتے ہیں کہ شعر کم اور پیکر زیادہ تراشے ہیں اور وہ بھی اتنے حسین کہ باقی سب چیزیں حافظے سے محو ہو جائیں۔ نہ کوئی خیال رہے اور نہ فلسفہ، بس ایک تصویر ہو جو ذہن کی دیواروں سے چپکی رہ جائے۔ چنانچہ محترمہ نے ملٹن کا سہارا لیا اور یہ کہنا پڑے گا کہ انہوں نے اپنی بات کو اس خوب صورتی سے نباہا اور ایسے دل کش پیرائے میں اتنی شیریں گفتگو کی میرا اندازہ ہے کہ انجمن طلبا قدیم اسلامیہ کالج کے منتظمین اگلی شام اب ان کے ساتھ ہی منائیں گے۔ شناور ڈوگر کا دم غنیمت تھا کہ جو لوگ عبدالعزیز خالد کو جاننے نیشنل سینٹر آئے تھے انہیں ان کی شخصیت کو گھما پھرا کر دیکھنے کا موقع ملا ورنہ اس کے بعد تو جسٹس ایس اے رحمان کو چھوڑ کر جو بھی آیا۔ اس نے خالد کو سمجھنے میں اپنے عجز کا اظہار کر کے راہِ فرار اختیار کی۔

ان کے ایک سابق اُستاد اور اسلامیہ کالج کے پرنسپل خواجہ محمد اسلم نے تو اُستادانہ منصب کا فائدا اُٹھا کر ان کی ماسٹروں کے مخصوص انداز میں گوشمالی بھی کر دی اور بالفاظ دیگر یہ کہا کہ:

"صاحبزادے! اتنا مشکل تو نہ لکھا کرو کہ کچھ پلے ہی نہ پڑے۔"

اس دوران میں خالد نگاہیں نیچے کیے دبے دبے مسکراتے رہے اور اس بات کی تصدیق ہو گئی کہ نوجوانی میں بقول خواجہ محمد اسلم کے موصوف خاصے شرمیلے واقع ہوئے ہوں گے۔

اکبر کاظمی کا منظوم خراج تحسین کثیر المقاصد تھا وہ اس طرح کہ اپنے ساتھ اُنھوں نے عبدالعزیز خالد کے فن کو خراج تحسین پیش کیا اور دوسرے ناقدری عالم اور ناشروں کی بے التفاتی کی بھی خبر لے ڈالی۔ اُنھوں نے کہا کہ خوش کلام ہونے کے ساتھ خالد خوش نصیب بھی ہیں کہ انھیں اپنے زمانے میں ہی شہرت ملی۔ تصنیفات شائع ہوئیں اور سب سے بڑھ کر یہ کہ وہ ان معدودے چند شاعروں میں سے ہیں جن کو ناشر پہچانتے ہیں۔ حالانکہ اس دور میں ایسے بھی ہیں (اشارہ اپنی طرف تھا) جو خونِ جگر سے فن کی آبیاری کرتے ہیں اور کوئی پوچھتا بھی نہیں۔

سلطان دہلوی

ایک سپاسنامہ

قابلِ صد احترام!

ادارہ شباب پبلیکیشنز کی جانب سے آپ کی تشریف آوری کا دلی خیر مقدم کرتا ہوں اور آپ کا دلی ممنون ہوں کہ آپ اپنی گوناگوں مصروفیات کے باوجود آج شمع ادبی معموں کی تقسیم انعامات کی تقریب میں تشریف لائے۔ شمع معمے ایک طویل عرصہ سے اُردو ادب کی خدمت کر رہے ہیں۔ شمع ادبی معموں کے اجراء کا مقصد اُردو ادب کی بقاء و ترویج ہے۔ شمع ادبی معمے بہترین مشغلہ ہی نہیں اُردو ادب کی ترویج و ترقّی کا بھی ایک ذریعہ ہیں۔ شمع ادبی معموں کے اشارے بلند پایہ ادیبوں کی کتابوں سے لیے جاتے ہیں۔ یہ اشارے اتنے جامع اور مکمّل ہوتے ہیں کہ صحیح جواب کا انتخاب کرتے ہوئے ذہنی صلاحیتوں اور علم و ادب میں اضافہ کے مواقع ملتے ہیں۔ اس طرح پروانوں میں علمی، ادبی شوق پیدا کرنے میں شمع ادبی معمے پیش پیش ہیں۔

مہمانِ عالی قدر!

شمع ادبی معموں کے تقسیم انعامات کی تقریب میں آپ کو شرکت کی تکلیف اس لیے دی گئی ہے کہ آپ کی شخصیت علم و ادب کے میدان میں روشنی کے مینار کی حیثیت رکھتی ہے۔ دنیائے شاعری کا آپ کو مصوّر کہا جاتا ہے۔ اہلِ نظر آپ کی شاعری کو ایک وسیع و عریض گلستان سے تشبیہہ دیتے ہیں۔ جس میں کوہستانی ندیوں کے بلند آہنگ نغمے بھی ہیں اور آہستہ خرام نہروں کے دھیمے سُر بھی، آپ کی شاعری میں بلبل کے محبّت بھرے گیت بھی ہیں۔ اور قمری کے دلدوز نالے بھی، آپ کی شاعری میں طاؤسِ شعر کا رقصِ مستانہ بھی ہے۔ اور پروازِ معانی کا رقصِ بسمل بھی آپ کے پاس الفاظ و معانی کا ایک لشکرِ جرّار ہے جو آپ کے ایک اشارے پر حرکت میں آجاتا ہے اور الفاظ و معانی کے لشکری ہر لحظہ نئی آن نئی شان سے گامزن رہتے ہیں۔

مہمانِ گرامی قدر!

آپ صاحبِ جمال بھی ہیں، صاحبِ جلال بھی، آپ کی شخصیت میں جلال سے زیادہ جمال پایا جاتا ہے۔ آپ کی شاعری میں جلال کا عنصر نمایاں ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ فطرت کے جلال سے بے پناہ متاثّر نظر آتے ہیں۔

